In the Name of the Father and the Son and the Holy Spirit

# Old Testament Survey

# پرانے عہد نامہ کا جائزہ

## Lecture No 18

(By: Shoaib Sharoon)

*MPhil. in Biblical Studies, FC College, Lahore*

# عہدِ عتیق کے انبیا
# Old Testament Prophets

کتابِ مقدس کے زمانے کے انبیا خُدا کے نمائندے بن کر بنی نوع انسان کے سامنے کھڑے ہوتے تھے جبکہ کاہن انسان کے نمائندے بن کر خُدا کے سامنے کھڑے ہوتے تھے۔ انبیا کو خُدا کی طرف سے تحریک ملتی تھی اور وہ خُدا کی طرف ہی سے بولتے تھے۔ اُنکے پاس خُدا کی طرف سے پیغام ہوتا تھا۔ اُنکے پاس اپنی پشت اور آئندہ نسلوں کے لئے پیغام ہوتا تھا۔ خُدا کی طرف سے دئے گئے مکاشفے کی وجہ سے انبیا مستقبل میں رونما ہونے والے واقعاتِ حالات کی پیش گوئی بھی کرتے تھے۔ اِس طرح انبیا کے بیان کا تعلق حال اور مستقبل سے ہوتا تھا۔ نبی یسعیاہ یا دانی ایل کی طرح سرکاری اہل کار ہو یا عاموس کی مانند چرواہا ہو، اُسے خُدا کی طرف سے اِس خاص خدمت کا بلاوہ ملتا تھا۔ بنی اسرائیل اور کتابِ مقدس کی تاریخ کی مناسبت سے انبیا نے 3 مختلف زاویو سے خدمت سرانجام دی (1) انبیا نے عہدِ عتیق کی تاریخ میں اسوری اور بابلی اسیری جیسے واقعات سے بہت پہلے اپنی خدمات کا آغاز کر دیا۔ اِس وقت اسرائیل کی شمالی سلطنت اور یہوداہ کی جنوبی سلطنت بظاہر ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن تھی لیکن باطنی لحاظ سے زوال پذیر اور بدعنوانی کا شکار تھی۔ (2) انبیا نے بابلی اسیری کے دوران بھی خدمات جاری رکھیں اور عبرانی یا اسرائیلی لوگوں کو توبہ کی طرف مائل کرتے رہے۔ بابلی اسیری کے دوران حزقی ایل اور بڑی حد تک یرمیاہ نے یہی کیا۔ (3) اسیری کے بعد بھی انبیا نے اپنی خدمات جاری رکھیں اور اسیری سے واپس آنے والے بقیہ میں توبہ اور بحالی کے لئے کام کرتے رہے۔ اِس سلسلے میں حجی، زکریاہ اور ملاکی نے اہم خدمت سرانجام دی۔

# بنی اسرائیل میں نبوت
# Prophecy in Israel

(a) پری کلاسیکل نبوت: Preclassical Prophecy

اسرائیل کی تاریخ کی آغاز ہی سے نبی رہنمائی کے لئے خاص اہمیت کے حامل تھے۔ موسیٰ کی قیادت کی فضیلت اُسکی نبوتی خدمت کی وجہ سے بھی تھی۔ اِس کے بعد قاضیوں کے دور میں دبورہ نبوتی قیادت کرتی رہی۔ موسیٰ کے بعد اور بادشاہی دور سے پہلے سموئیل اسرائیل میں نبی کی زبردست مثال ہے۔

بادشاہی نظامِ حکومت سے پہلے کی نبوت "پری کلاسیکل" نبوت کا ایک مرحلہ تھا۔ جب سموئیل نے ساؤل کو بادشاہ مسح کر دیا تو نبی کا کردار بطور بادشاہ کا مشیر بن گیا۔ قدیم مشرق قریب میں اِس طرح کی نبوت کی قسم کا غلبہ تھا۔ کوئی ایسی کتاب تو موجود نہیں ہے جس میں خاص طور پر اِس قسم کی نبوت درج ہو لیکن تواریخی کتب میں کئی جگھوں پر ہم اِس طرح کا نمونہ دیکھ سکتے ہیں، جیسے ساؤل کے لئے سموئیل، داؤد کے لئے ناتن۔ ایلیاہ واضح طور پر اخیاب بادشاہ کا مشیر نہیں تھا لیکن اُس نے اُسکے دور میں نبوت کی۔ چونکہ پری کلاسیکل انبیا کے منسوب سامعین بادشاہ ہوتے تھے اِس لئے اِنکا پیغام عام طور پر شہنشاہی حکومت کے حالات کے مطابق ہوتا تھا۔ نبوت بادشاہ کے لئے حوصلہ یا انتباہ ہوتی تھی۔

# بنی اسرائیل میں نبوت
# Prophecy in Israel

## (b) کلاسیکل نبوت: Classical Prophecy

| Period | Function | Audience | Message | Examples |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| Pre-monarchy | Mouthpiece-leader | People | National guidance<br>Maintenance of justice<br>Spiritual overseer | Moses<br>Deborah |
| | | | | Transition:<br>Samuel |
| Pre-classical | Mouthpiece-adviser | King and court | Military advice<br>Pronouncement of rebuke or blessing | Nathan<br>Elijah<br>Elisha<br>Micaiah |
| | | | | Transition:<br>North — Jonah<br>South — Isaiah |
| Classical | Mouthpiece-social/spiritual commentator | People | Rebuke concerning current condition of society; leads to warnings of captivity, destruction, exile, and promise of eventual restoration<br>Call for justice and repentance | Writing prophets<br>Best example:<br>Jeremiah |

اسرائیل نبوتی تاریخ کا سب سے جانا پہچانا دور "کلاسیکل نبوتی" دور ہے۔ بائبل کی نبوتی کتابیں کلاسیکل انبیا کا نبوتی کلام ہیں۔ کلاسیکل نبوت کا آغاز آٹھویں صدی ق۔م میں یربعام دوئم کی اسرائیل (شمالی سلطنت) پر دورِ حکومت میں ہوا۔ شمالی سلطنت میں سب سے پہلے عاموس اور ہوسیع نبی آئے جبکہ میکاہ اور یسعیاہ جنوبی سلطنت کے پہلے کلاسیکل نبی مانے جاتے ہیں۔ بہت سے کلاسیکل انبیا بادشاہوں سے مخاطب ہوتے رہے لیکن اِنکی نبوت کا تعلق لوگوں سے ہوتا تھا۔

# بنی اسرائیل میں نبوت
# Prophecy in Israel

(b) کلاسیکل نبوت: Classical Prophecy

پری کلاسیکل نبوت کا طرز قدیم مشرقِ قریب کی نبوت سے ملتا جلتا تھا لیکن اِسکا کوئی ثانی نہیں تھا۔ اِس نبوت میں قاصد یہ بیان کرتا تھا کہ "خُداوند خُدا یوں فرماتا ہے"۔ یہ اختیار اُنہیں دوسروں سے الگ بناتا تھا۔ اِسی طرح کلاسیکل نبوت بھی اپنے پیغام کے مواد میں بڑی منفرد تھی مثلاً اسرائیلی نبوت میں رسموں کا کوئی نظام نہیں تھا، اِنکی نبوت میں آخرت سے متعلق بھی مواد ہوتا تھا۔

# نبوتی پیغام کی اقسام
# Types of Prophetic Oracles

| *Oracular Categories* | *Description* | *Preexilic Emphasis* | *Postexilic Emphasis* |
|---|---|---|---|
| Indictment | Statement of the offense | Focus primarily on idolatry, ritualism, and social justice | Focus on not giving proper honor to the Lord |
| Judgment | Punishment to be carried out | Primarily political and projected for near future | Interprets recent or current crises as punishment |
| Instruction | Expected response | Very little offered; generally return to God by ending wicked conduct | Slightly more offered; more specifically addressed to particular situation |
| Aftermath | Affirmation of future hope or deliverance | Presented and understood as coming after an intervening period of judgment | Presented and understood as spanning a protracted time period<br>Religious: Now<br>Socioeconomic: Potential<br>Political: Eventual |

# نبوتی کتب کی تقسیم
# Division of the Prophetic Books

(a) انبیائے اکبر:

یسعیاہ، یرمیاہ، نوحہ، حزقی ایل اور دانی ایل۔

(b) انبیائے اصغر:

12 کتابیں: ہوسیع تا ملاکی۔

# Any Questions?